Email- info@awamilalkaar.com

MEMBER WUOJ — عوام کی بے ساختہ للکار — ABC Certified

روزنامہ Daily Awami Lalkaar راولپنڈی

عوامی للکار

باقاعدہ تصدیق شدہ اشاعت — ایڈیٹر انچیف محمد فیصل ندیم

جلد 15 | بدھ، 30 اکتوبر 2024ء ، 26 ربیع الثانی 1446ھ، قیمت 10 روپے | شمارہ 204

ماحول میں بہتری کیلئے سویڈن کے تجربات سے مستفید ہونا چاہتے ہیں

وزیر اعلیٰ پنجاب

وزیر اعلیٰ مریم نواز سے سویڈن کی سفیر اینگریڈ رابرگ وون لنڈے کی ملاقات، دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال، حکومت پنجاب کا سرمایہ کاری پر سویڈش کمپنیوں کا خیر مقدم کرنے کا اعلان

ملاقات میں تعلیم، صحت، آئی ٹی، زراعت اور ماحولیات کے امور پر بات چیت، تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور

وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سویڈن کی سفیر اینگریڈ رابرگ وون لنڈے ملاقات کر رہی ہیں

لاہور (این این آئی) وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سویڈن کی سفیر اینگریڈ رابرگ دون لنڈے نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ تعلقات کے فروغ پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ ملاقات میں تجارتی تعلقات کو مزید وسعت دینے کی ضرورت پر زور دینے اور تعلیم، صحت، آئی ٹی، زراعت اور ماحولیات کے امور پر بات چیت کی گئی۔ سویڈش سفیر نے اقلیتی امور اور خواتین کے حقوق کیلئے حکومت (بقیہ نمبر 1)

نواز شریف علاج کیلئے گئے ہیں، واپس آئیں گے، رانا مشہود احمد

ملکی حالات بہتری کی جانب گامزن، آٹھ سال بعد بیرونی سرمایہ کاری آئی ہے

ملک میں غنڈا گردی، 9 مئی والے واقعات اب نہیں ہوں گے

لاہور (این این آئی) چیئرمین پرائم منسٹرز یوتھ پروگرام رانا مشہود احمد خان نے کہا ہے کہ نواز شریف علاج کے لیے گئے ہیں، وہ واپس آئیں گے۔ ملکی حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں، غنڈا گردی اور 9 مئی والے واقعات اب نہیں ہوں گے۔ لاہور (بقیہ نمبر 2)

پنجاب میں پہلی بار ای انوینٹری مینجمنٹ سسٹم متعارف

تمام پروکیورمنٹ، دستیاب وسائل بارے ریئل ٹائم مانیٹرنگ ممکن ہوگی، محکمہ داخلہ پنجاب

لاہور (این این آئی) محکمہ داخلہ پنجاب نے پہلی بار پنجاب ای انوینٹری مینجمنٹ سسٹم متعارف کروا دیا، اپنی طرز کے پہلے ہمارے ریئل ٹائم مانیٹرنگ ممکن ہو (بقیہ نمبر 5)

متعدد سرکاری محکمے واپڈا کے اربوں کے نادہندہ نکلے

وزارت ریلوے 51 کروڑ، سول ایوی ایشن اتھارٹی 16 کروڑ، پی ڈبلیو ڈی 9 کروڑ 90 لاکھ روپے کا نادہندہ

لاہور (این این آئی) شہر میں متعدد سرکاری محکمے اور ادارے بجلی کے بلوں کی مد میں اربوں کے نادہندہ نکلے، لیسکو کے نادہندہ ادارے دفاتر و صوبائی حکومت کے زیر انتظام ہیں۔ وزارت ریلوے لیسکو کی 5 1 کروڑ روپے کی (بقیہ نمبر 4)

فائرنگ کے 2 واقعات میں 7 افراد جاں بحق

پنجگور اور ڈیرہ مراد جمالی میں ملزمان فرار ہو گئے، لیویز مبینہ کو نیچنگ اسپتال منتقل کر دیا گیا

پنجگور/ ڈیرہ مراد جمالی (این این آئی) بلوچستان کے ضلع پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ سے 5 افراد جاں بحق اور ایک شخص زخمی ہو گیا جبکہ واقعے کے بعد ملزمان فرار ہو گئے دوسری جانب ڈیرہ مراد جمالی میں مسلح افراد نے فائرنگ (بقیہ نمبر 3)

لاہور: وزیر اعلیٰ پنجاب مریم نواز شریف سے سویڈن کی سفیر اینگریڈ رابرگ دون لنڈے ملاقات کر رہی ہیں

نواز شریف لندن سے واشنگٹن ڈی سی پہنچ گئے، نیمہ پارک بھی جا پہنچے

واشنگٹن (این این آئی) پاکستان مسلم لیگ ن کے صدر میاں نواز شریف لمبی دورے پر لندن سے امریکی دارالحکومت واشنگٹن ڈی سی پہنچ گئے۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 7)

چھ یونیورسٹیز کے وی سیز کی تعیناتی، نوٹیفکیشن جاری

پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی کو وائس چانسلر لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لگا دیا گیا

لاہور لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لگا دیا گیا۔ جگہ باقی ایک کیمپس نے مسوبے کی 6 یونیورسٹیز میں وائس (بقیہ نمبر 6)

وزیر اعظم شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کے درمیان ملاقات، دوطرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال

تجارت اور سرمایہ کاری بڑھانے پر اتفاق

وزیر اعظم نے خادم حرمین شریفین شاہ سلمان بن عبدالعزیز کے لیے نیک خواہشات کا اظہار کیا اور ان کی صحت و تندرستی کے لیے دعا کی، سعودی عرب کی پاکستان کی حمایت پر محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا

دونوں ممالک نے اس بات پر اتفاق کیا کہ پاک سعودی عرب مشترکہ مذہبی اور ثقافتی تعلقات ہیں جو دہائیوں پر محیط ہیں اور وقت کے ساتھ مزید مضبوط ہو رہے ہیں

وزیر اعظم پاکستان شہباز شریف کا پرنس محمد بن عبدالرحمٰن بن عبدالعزیز استقبال کر رہے ہیں

دونوں ممالک کے درمیان توانائی، انفارمیشن ٹیکنالوجی اور انوسٹمنٹ سمیت دو طرفہ تعلقات پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ اعلامیہ کے (بقیہ نمبر 2)

ریاض/ اسلام آباد (انٹرنیشنل ڈیسک، بی بی سی اردو) پاکستان شہباز شریف اور سعودی ولی عہد محمد بن سلمان کا شکریہ ادا کیا

فیوچر انویسٹمنٹ انیشیٹو (FII) فورم کے موقع پر ملاقات ہوئی ہے جس میں پنجگیری کی صدم حاضری کا سلسلہ جاری، راہیاں کاروائی کے آغاز میں صرف 8 سینیٹرز موجود تھے۔ سینیٹ میں قائد (بقیہ نمبر 3)

چیئرمین سینیٹ نے جوڈیشل کمیشن کی تشکیل کیلئے اپوزیشن سے نام مانگ لیے

وزیر اعظم شہباز شریف نے جوڈیشل کمیشن کے لیے ممبران کے حوالے سے خط لکھا ہے، جوڈیشل کمیشن کیلئے نام جلد از جلد دیں، یوسف رضا گیلانی

اگر 26 ویں ترمیم منظور نہیں ہوئی، اور 27 ویں ترمیم کی بات ہو رہی ہے، ہم قانونی و سیاسی جنگ لڑتے رہیں گے، قائد حزب اختلاف شبلی فراز کی گفتگو

اسلام آباد (این این آئی) چیئرمین سینیٹ یوسف رضا گیلانی نے 26 ویں آئینی ترمیم کے تحت جوڈیشل کمیشن آف پاکستان کی تشکیل کے لیے اپوزیشن سے نام مانگ لیے۔ سینیٹ کا اجلاس پریذائڈنگ افسر سلیم مانڈوی والا کی زیر صدارت شروع ہوا، ایوان بالا کے اجلاس

پنجاب حکومت کا انوائرمنٹ پروٹیکشن فورس کیلئے بھرتیاں کرنے کا فیصلہ

گریڈ 13 کے انسپکٹر، گریڈ 6 کے فیلڈ اسسٹنٹ کی بھرتیوں کے لئے درخواستیں طلب

لاہور (این این آئی) پنجاب حکومت نے انوائرمنٹ پروٹیکشن فورس کیلئے بھرتیاں کرنے کا فیصلہ کر کے باضابطہ درخواستیں طلب کر لیں۔ محکمہ تحفظ ماحول و موسمیاتی (بقیہ نمبر 9)

لاہور: وزیر صحت پنجاب خواجہ سلمان رشید کا طبیہ جناح میڈیکل یونیورسٹی کے سالانہ سپورٹس گالا کے موقع پر چیف ممبران اور طالبات کے ساتھ گروپ فوٹو، پروفیسر عرفان مسعود کیونی بھی ہمراہ ہیں

سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 23 کرنے کا فیصلہ

سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر کمیٹی میں جج کی تعداد تین سے بڑھا کر پانچ کرنے کی تجویز پر غور کیا جا رہا ہے، ذرائع

سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد بڑھانے کے لیے ترمیمی بل 2024 بطور منی بل لایا جائے گا

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) حکومت نے ججز کی تعداد 17 سے بڑھا کر 23 کرنے کا فیصلہ کیا ہے جس کے لیے بل جمعہ کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ حکومت جج کی تعداد بڑھانے پر غور کر رہی ہے۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ جج کی تعداد بڑھانے سے متعلق مجوزہ قانون کی تیاری حتمی مراحل میں داخل ہو چکی ہے۔ ذرائع کے مطابق سپریم کورٹ جج کی تعداد 17 سے بڑھا کر 23 کیے جانے کی تجویز ہے، سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد بڑھانے کے لیے ترمیمی بل 2024 بطور منی بل لایا جائے گا۔ ذرائع نے بتایا ہے کہ سپریم کورٹ پریکٹس اینڈ پروسیجر (بقیہ نمبر 4)

ملک میں ڈینگی، چکن گونیا اور ملیریا کے کیسز میں اضافہ

کراچی (این این آئی) ملک کے مختلف حصوں میں ڈینگی، چکن گونیا اور ملیریا کے کیسز میں ایک بار پھر اضافہ ہو گیا۔ میڈیا رپورٹ کے مطابق ملک کے بڑے اور چھوٹے شہروں میں ڈینگی، چکن گونیا اور ملیریا سمیت دیگر وبائی امراض کی شدت بڑھنے لگی ہے۔ حکام نے بتایا کہ گزشتہ چند ہفتوں میں ڈینگی اور (بقیہ نمبر 15)

ساہیوال، غیرت کے نام پر بہن کو گولی مار کر قتل کر دیا گیا

مقتولہ خاوند سے طلاق لے کر گھر میں آشنا سے موبائل پر باتیں کرتی پکڑی گئی

ساہیوال (این این آئی) نواحی چک 31 چودہ ایل میں بھائی نے مقتلہ بہن شاہ کوٹ کو غیرت کے نام پر گولی مار کر قتل کر دیا۔ واقعات کے مطابق اسی چک کے زمیندار سید (بقیہ نمبر 20)

راولپنڈی: کمرشل انٹیلیجنس ڈویژن کی تقریب میں روسی فیڈریشن کے نائب وزیر دفاع نے جنرل ہیڈ کوارٹرز میں جنرل سید عاصم منیر (NI-M) چیف آف آرمی اسٹاف (COAS) سے ملاقات کی

سیکرٹری دفاع سے روسی نائب وزیر دفاع کی ملاقات

دوطرفہ دفاعی تعاون کے تمام شعبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ خیال

راولپنڈی (این این آئی) سیکرٹری دفاع لیفٹیننٹ جنرل ریٹائرڈ عطیق نے روسی وفد کی قیادت میں نائب وزیر دفاع کرنل جنرل الیگزینڈر روی فومن نے ملاقات کی جس میں دوطرفہ دفاعی تعاون کے تمام شعبوں سمیت باہمی دلچسپی کے امور پر تبادلہ (بقیہ نمبر 6)

18 پاؤنڈ وزنی بھارتی ساختہ ٹینک شکن بم برآمد

مشیات کا عادی شخص بم کو فروخت کرنے کے لئے دھو رہا تھا

نارووال (این این آئی) نواحی گاؤں چاری برآمد، بم ڈسپوزل سکواڈ نے ناکارہ بنا کر تحویل میں لے لیا۔ بتایا گیا (بقیہ نمبر 7) سے 18 پاؤنڈ وزنی بھارتی ساختہ ٹینک شکن بم

"پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ" کے موضوع پر

بیچلر آف فائن آرٹس کے مقالے کا تھیسس 2024ء

پنجاب یونیورسٹی کے شعبہ فائن آرٹس کے BFA فائنل کے 45 سٹوڈنٹس کی اپنے تھیسس ڈسپلے کے ساتھ شرکت

ڈائریکٹر جنرل پاپولیشن ویلفیئر پنجاب ثمن رائے افتتاحی تقریب کی مہمان خصوصی تھیں

پنجاب یونیورسٹی کا بیچلر آف فائن آرٹس (BFA) کا مقالہ "پاپولیشن مینجمنٹ اینڈ فیملی پلاننگ" پر ایک فکر انگیز منصوبہ

پنجاب حکومت آبادی کے انتظام اور خاندانی منصوبہ بندی کے اقدامات پر سرگرمی سے کام کر رہی ہے

ہر سٹوڈنٹس نے اپنے ہنر فن کو کینوس اور دیگر فن پاروں کے ذریعے خود کو متعارف کروا کر ادارے کا نام روشن کیا ہے

بین الاقوامی سطح پر ان طلباء کی محنت، لگن اور صلاحیتیں کسی بھی بڑے ہنر مند سے کم نہیں

طلباء آرٹ اور ڈیزائن سے سماجی اور رویے میں تبدیلی لانے میں متحیر، ان کی کاوشوں کو ہمیشہ سنہرے حروف میں لکھا جائے گا

پروائس چانسلر پنجاب یونیورسٹی پروفیسر ڈاکٹر عظمیٰ قریشی کو وائس چانسلر لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لگا دیا گیا

لاہور لاہور کالج برائے خواتین یونیورسٹی لگا دیا گیا۔ جگہ باقی ایک کیمپس نے مسوبے کی 6 یونیورسٹیز میں وائس (بقیہ نمبر 6)

ملکیت اور وزیر اعظم کا پنجگور میں مسلح افراد کی فائرنگ کی مذمت

دہشت گرد حملے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس، وذیم پر کام کرنے والے اہلکاروں پر حملہ کرنے والے اہلکاروں کا نام لینا پاکستان اور بلوچستان کی ترقی کے دشمن ہیں

شرپسند عناصر اپنی بزدلانہ کارروائیوں سے حکومت کے بلوچستان کی ترقی کے عزم کو متزلزل نہیں کر سکتے، مشترکہ بیان

اسلام آباد (این این آئی) صدر مملکت آصف علی زرداری اور وزیر اعظم شہباز شریف نے پنجگور کے حملے میں قیمتی جانی نقصان پر اظہار افسوس کرتے ہوئے کہا ہے کہ وذیم پر کام کرنے والے اہلکاروں پر حملہ کرنے والے پاکستان اور بلوچستان کی ترقی کے دشمن ہیں، شرپسند عناصر اپنی بزدلانہ کارروائیوں سے حکومت کے بلوچستان کی ترقی کے عزم کو متزلزل (بقیہ نمبر 8)

سپریم کورٹ ججز کی تعداد 23 کرنے کا بل جمعہ کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا

اسلام آباد (این این آئی) سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد 17 سے بڑھا کر 23 کرنے کا بل جمعہ کو قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا۔ پارلیمانی ذرائع نے بتایا کہ سپریم کورٹ میں ججز کی تعداد میں اضافے کا بل جمعہ کو رات گئے قومی اسمبلی میں پیش کیا جائے گا، سپریم کورٹ آف پاکستان چیف جسٹس سمیت 23 ججوں پر مشتمل ہو گی۔ ذرائع کے مطابق (بقیہ نمبر 9)

سینٹ فرن سکول اسلام آباد کے بچوں کیلئے ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ

ورکشاپ میں اساتذہ اور 60 سے زائد سکول طلباء نے بڑی تعداد میں شرکت کی، روڈ سیفٹی اور حفاظتی ڈرائیونگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی

اسلام آباد پولیس کی آگاہی ٹیم سرکاری و نجی تعلیمی اداروں میں طالبعلم لیے ٹریفک قوانین اور روڈ سیفٹی کے متعلق آگاہی، لیکچرز کا اہتمام کر رہی ہے

اسلام آباد (نمائندہ خصوصی) اسلام آباد پولیس آگاہی ونگ کی جانب سے اسلام آباد ٹریفک پولیس ایجوکیشن کمپلیکس ایف۔ایٹ میں سینٹا فرن سکول اسلام آباد کے بچوں کیلئے ایک روزہ روڈ سیفٹی ورکشاپ کا انعقاد، ورکشاپ میں اساتذہ اور 60 سے زائد سکول طلائے بڑی تعداد میں شرکت کی، بچیوں روڈ سیفٹی اور حفاظتی ڈرائیونگ کے حوالے سے آگاہی فراہم کی گئی۔ تفصیلات کے (بقیہ نمبر 2)

27 ویں ترمیم بغیر منظوری کے نہیں لانے دینگے، سلمان اکرم راجہ

ملک ان سے نہیں چل رہا، فوری نئے الیکشن کرائے جائیں، عمر ایوب

اسلام آباد (این این آئی) تحریک انصاف کے رہنما سلمان اکرم راجہ نے کہا ہے کہ پی ٹی آئی کو بیگرم خان کے دور میں بھی نہیں چل سکتا تھا۔ پی ٹی آئی رہنما عمر ایوب، اسد قیصر اور سلمان اکرم راجہ نے پریس کانفرنس کرتے ہوئے سلمان اکرم راجہ نے کہا کہ آئینی ترمیم کے لیے ظلم کیا گیا۔ عمر ایوب نے کہا کہ ملک ان سے نہیں چل رہا، فوری نئے الیکشن کرائے جائیں۔ (بقیہ نمبر 2)

ہم غیر ریاستی عناصر کی حمایت نہیں کرتے، افغان ناظم الامور

پاکستان کو افغانستان سے سیکیورٹی ایشوز پر شکایات ہیں، سردار احمد شکیب

اسلام آباد (این این آئی) افغان ناظم الامور مولوی سردار احمد شکیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان سے سیکیورٹی ایشوز پر شکایات ہیں، ہماری پالیسی انتہائی واضح ہے، ہم غیر ریاستی عناصر کی حمایت نہیں کرتے۔ میڈیا سے گفتگو میں مولوی سردار احمد شکیب نے کہا ہے کہ پاکستان اور افغانستان دونوں کو سیکیورٹی چیلنجز کا سامنا ہے۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 5)

پی ٹی آئی کا پشاور میں جلسہ، اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی

پشاور (این این آئی) وزیر اعلیٰ ہاؤس پشاور میں پی ٹی آئی کے جلسے کے حوالے سے ہونے والے اجلاس کی اندرونی کہانی سامنے آگئی۔ ذرائع کے مطابق اجلاس میں شریک کمیران نے جلسہ مرمان میں کرنے کی تجویز پیش کی۔ وزیر اعلیٰ علی امین گنڈا پور نے جواب دیا کہ مان، پی ٹی آئی کی ہدایت پر جلسہ پشاور میں کر رہے ہیں۔ اجلاس میں شرکاء نے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ اجھا ہے

اطالوی سفیر مارسیلیا ارلین نے نائب وزیر اعظم/ وزیر خارجہ محمد اسحاق سے وزارت خارجہ میں ملاقات کی

مجھے 27 ویں ترمیم سے متعلق علم نہیں، فاروق ایچ نائیک

کراچی (این این آئی) پاکستان بار کونسل کے وائس چیئرمین فاروق ایچ نائیک نے کہا ہے کہ مجھے 27 ویں ترمیم سے متعلق علم نہیں۔ میڈیا سے گفتگو کرتے ہوئے فاروق ایچ نائیک نے کہا کہ 26 ویں آئینی ترمیم سے جمہوریت مضبوط ہو گی۔ انہوں نے کہا کہ (بقیہ نمبر 3)

پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں کمی کا امکان

اسلام آباد (این این آئی) پاکستان میں پیٹرولیم مصنوعات کی قیمتوں میں آئندہ چند روز میں کمی متوقع ہے۔ پیٹیز ذرائع کے مطابق یکم نومبر 2024ء سے اگلے 15 دن کیلئے پیٹرولیم مصنوعات کی قیمت میں ساڑھے 3 روپے تک کی کمی کا امکان ہے۔ ذرائع (بقیہ نمبر 24)

اسلام آباد: نیشنل کیڈٹ کالج بشن کے زیر اہتمام کہانی سنانے کی تقریب کے دوران اسلام آباد مال کی ٹاج گرافیٹ لیونی تھری میں ٹیلی زیبی بچوں کو کہانی سنا رہی ہیں

رمیش سنگھ اروڑہ کی گونجم کے 25 ویں سالانہ کانووکیشن میں شرکت

سوہائی وزیر کی نوجوانوں کی اقتصادی بااختیاری میں گونجم کے کردار کی تعریف

لاہور (این این آئی) گونجم کالج آف فورآرٹس اینڈ ہیومن مینجمنٹ کے 25 ویں سالانہ کانووکیشن کا انعقاد ملینیئم ہوٹل لاہور میں کیا گیا۔ تقریب میں صوبائی وزیر برائے اقلیتی رمیش سنگھ اروڑہ نے بطور مہمان خصوصی شرکت کی جبکہ اس موقع پر ہوٹلنگ، ٹکٹنگ آرٹس، بینکنگ اینڈ فنانس، اور

پولیس کا کریمنلز کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کرنے کا فیصلہ

300 کریمنلز کا ڈیٹا مرتب کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا

لاہور (این این آئی) لاہور پولیس نے کریمنلز کے خلاف ٹارگٹڈ آپریشن کرنے کا فیصلہ کر لیا، عدالتوں سے کالوں میں ملزمان کو ریلیف ملنے پر لاہور پولیس نے نئی حکمت عملی تیار کر لی۔ 300 کریمنلز کا ڈیٹا مرتب کرنے کا ٹاسک سونپ دیا گیا ہے (بقیہ نمبر 8)

ایمان مزاری اور اسد کے شوہر کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور

اسلام آباد (این این آئی) اسلام آباد انسداد دہشت گردی عدالت نے کاؤنٹر کارٹس میں مداخلت کے الزام میں گرفتار معروف وکیل اور سماجی کارکن ایمان مزاری اور ان کے شوہر ہادی علی چٹھہ کا 3 روزہ جسمانی ریمانڈ منظور کر لیا۔ انسداد دہشت گردی عدالت کے جج ابوالحسنات ذوالقرنین نے کیس کی سماعت کی، اس (بقیہ نمبر 26)

گیس چوروں کیخلاف ایکشن مزید 95 کنکشنز منقطع، جرمانے

پنجاب، خیبر پختونخواہ، اسلام آباد میں مزید 95 کنکشنز منقطع، 30 لاکھ روپے سے زائد جرمانہ عائد

گوجرانوالہ میں 3 فیرقانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیا گیا، جس پر 30 ہزار روپے جرمانہ ہوا

لاہور (نمائندہ عوامی للکار) سوئی ناردرن گیس پائپ لائن لمیٹڈ (SNGPL) نے گیس چوروں کے خلاف جاری کریک ڈاؤن کے دوران پنجاب، خیبر پختونخواہ اور اسلام آباد میں مزید 95 فیرقانونی گیس کنکشن منقطع کر دیے، جبکہ 30 لاکھ روپے سے زائد کے جرمانے عائد کیے گئے۔ لاہور میں 10 فیرقانونی کنکشن منقطع کیے گئے، جبکہ کمپریسر کے استعمال پر مزید ایک کنکشن بھی کاٹا گیا۔ ان خلاف ورزیوں پر 7 لاکھ 50 ہزار روپے کا جرمانہ عائد کیا گیا۔ گوجرانوالہ میں 3 فیرقانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر ایک کنکشن منقطع کیا گیا، جس پر 30 ہزار روپے جرمانہ ہوا۔ گجرات میں ایک فیرقانونی کنکشن اور کمپریسر کے استعمال پر 2 کنکشن منقطع کیے گئے۔ فیصل آباد میں 3 فیرقانونی کنکشن کاٹے گئے اور 20 ہزار روپے جرمانہ عائد کیا گیا، جبکہ شیخوپورہ میں (بقیہ نمبر 11)

SUI NORTHERN

وزیر اعظم شہباز شریف سعودی عرب کے اپنے دورہ سرکاری دورے پر روانہ ہو رہے ہیں

روزنامہ عوامی للکار Daily Awami Lalkaar راولپنڈی
قومی حقوق کی آواز، آزاد اور بے باک
ABC

ایڈیٹوریل پیج

ایڈیٹوریل ایڈیٹر
روبینہ فیصل

وزیرخزانہ کے نان فائلر زپر مزید پابندیوں کی نوید

گزشتہ روز واشنگٹن میں پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے وزیرخزانہ محمد اورنگزیب نے کہا کہ نان فائلر کے متعلق قانونی کورکی ضرورت ہے اور ہم نان فائلر کی اصطلاح ہی ختم کر رہے ہیں۔ وزیرخزانہ محمد اورنگزیب کا کہنا ہے کہ نان فائلر گاڑیاں اور جائیدادیں نہیں خرید سکے گا۔ ان کا کہنا تھا کہ تمام رینٹگ ایجنسیاں تسلیم کررہی ہیں کہ پاکستانی معیشت درست سمت میں گامزن ہے، معیشت کی بہتری کیلئے مزید مشکل فیصلے کرنا ہوں گے۔ چوماہ سے معاشی بہتری کیلئے مسلسل کام کررہے ہیں جس کے سبب پاکستان میں مہنگائی کی شرح اور پالیسی ریٹ میں کمی آئی ہے، ہم ٹیکس ٹو جی ڈی پی کو 9 فیصد سے 13 فیصد تک لائیں گے۔ کوشش ہوگی کہ آئی ایم ایف کا یہ آخری پروگرام ہو۔

اس میں کوئی دو رائے نہیں کہ ملکی معیشت کی بہتری کیلئے جو اقدامات ناگزیر ہیں انہیں ہر صورت بروئے کار لایا جائے۔ بقول وزیرخزانہ وہ معاشی بہتری کیلئے مسلسل کام کررہے ہیں جس سے مہنگائی کی شرح اور پالیسی ریٹ میں کمی آئی ہے۔ گرمیٹی حقائق یہ ہیں کہ مہنگائی میں کمی کے تمام تر حکومتی دعوں کے باوجود عام آدمی اب بھی مہنگائی کی چکی میں بری طرح پس رہا ہے اور دن رات محنت مشقت کرکے بھی وہ اپنے خاندان کی کفالت کرنے میں ناکام نظر آرہا ہے۔ طرفہ تماشا یہ ہے کہ وہ ایک ماچس کی ڈبی خریدنے سے لے کر پٹرول، گیس اشیائے ضروریہ سمیت ٹیلیفون بلوں میں جائز اور ناجائز ٹیکسز باقاعدگی سے ادا کررہا ہے مگر حکومت پھر بھی اسے ٹیکس ڈیفالٹر قرار دیتی ہے اور آئی ایم ایف کو مطمئن کرنے کیلئے اس پر مزید ٹیکسوں کا بوجھ ڈالنے کی کوشش کرتی ہے۔ جب عام آدمی حکومتی منشائے مطابق تمام تر ٹیکسز ادا کررہا ہے تو وہ نان فائلر کی کیٹیگری میں کیسے آسکتا ہے؟ حکومت کو اسکی وضاحت کرنی چاہیے۔ اس پر گاڑی اور جائیداد کی خرید وفروخت پر پابندی عائد کرنا درحقیقت عام آدمی کے حقوق سلب کرنے کے مترادف ہے۔ عوام پہلے ہی بدترین مہنگائی اور حکومتی پالیسیوں سے عاجز آئے ہوئے ہیں؟ اگر اسکی عوام دشمن پالیسیوں کا تسلسل جاری رہا تو تنگ آمد بجنگ آمد کے مصداق عوام سڑکوں پر احتجاج کا راستہ اختیار کرسکتے ہیں۔ اگر گراس ڈومیسٹک پراڈکٹ (جی ڈی پی) بڑھانا مقصود ہے تو اس کیلئے باقاعدگی سے ٹیکس ادا کرنے والے غریب عوام کو فائلر ز نان فائلر ز اور ٹیکسوں کے جھنجھٹ میں نہ الجھائے۔ حکومت کو اپنا شکنجہ اشرافیہ طبقات پر کسنا چاہیے۔

بزم درویش

پروفیسر محمد عبداللہ بھٹی
help@noorekhuda.org



سرکاری آفیسر

طاہر مسعود دس سال امریکہ میں گزارنے کے بعد پاکستان آگیا تھا وہ بالکل بدلا بدلا سا تھا دس سال پہلے والا سرکاری آفیسر بیورکریٹ حقیر منہ چالاک ذہین ہر قدم سوچ کر رکھنے والا تجربہ طرار جو حالات کے مطابق خود کو فوری طور پر ڈھال لیتا تھا ہر اپنی مرضی کا نتیجہ حاصل کرتا تھا وہ سرے پاس پندرہ سال پہلے آیا تھا جب اس کی نوکری زوروں پر تھی چند سیاسی لوٹوں اور بڑے افسران کو ساتھ لا کر لوٹ مار میں دن رات لگا ہوا تھا جو شخص لوٹ مار کرتا ہے اس کا ضمیر مردہ ہو بھی بھی پھر پھڑا نا ضرور ہے پھر بکڑے جانے کا خوف بھی لوٹ مار کرنے والے ایسے بیورکریٹ نجیبوں دست شناسیوں بابوں کے پاس جاتے ہیں وہاں پر خوب نذر نیاز تحائف دے کر پہلے ان عاملوں کا قرب حاصل کرتے ہیں پھر اپنے خوفوں کو دور کرنے کے لیے سوال کرتے ہیں اس سیٹ پر کب تک میں بھی نظر ہے کا شکار تو نہیں ہوگا موجودہ گورنمنٹ کب تک پکی نظر آتی ہے میں اپنے آفیسر کو مزید کیسے رام کر سکتا ہوں آکثریت کے گھر سے باہر معشق میں رہنا پکی ہوتی ہے اس کے نخرے ناز اسکی ہر ادا اور رام کرنے کے طریقے وظیفے وغیرہ سے شیطانی ذہانت کے حامل لوگ عام لوگوں کے دماغوں نفسیات سے کھیلتے ہیں زیادہ تر شراب نوشی زنا کی لت میں بھی پڑے ہوتے ہیں یہ فریبی اپنی شراب نوشی اور زنا کے قصے دوستوں میں بیٹھ کر سناتے ہیں زیادہ تر تعلق دیہات غریب گھرانوں سے ہوتا ہے جب دولت کی ریل پیل پر کشش مہمدوں پر براجمان ہوتے ہیں پھر ہیں جوانی کی ساری حسرتیں پورا کرتے ہیں جو بڑے آفیسروں کے مرثی بن کر ان کی نوکری اور عوام کے وسائل کی خوب چیر پھاڑ کر تے ہیں انہوں نے ٹھیکے دار کے ہوتے ہیں جو ان کے خرچے اٹھاتے ہیں میں ایسے ہی ایک افسر کے گھر گزری کے موسم میں گیا تو ہر کمرے میں دوائی روم میں اسے ہی سرمام چل رہا تھا میں کہا جناب بجلی بہت مہنگی ہوگئی ہے آپ گھر کی کوشش تارہی ہے کہ جب سے کمرے آئی ہے آپ کے سارے اے سی ان شاپ چل رہے ہیں تو آفیسر صاحب مسکرائے بلکہ قہقہہ دار لگ شگاف قہقہ مارا اور بولے پیر صاحب آپ کے ساتھ جھوٹ نہیں بول سکتا میں نے کوئی بل دینا ہوتا ہے سرکاری اخراجات بل میں جاتے ہیں یا پھر دوٹھیکے دار رکھے ہوئے ہیں جو میرے گھر کے سارے بل ادا کرتے ہیں بچن کا خرچہ اٹھاتے ہیں چل فروٹ وغیرہ بھی انہی کے ذمے میں جب کسی انچھی سیٹ پر آتا ہوں تو ان کو ان کی قیمت پر ٹھیکے دیتا ہوں جس سے ان کی کمر نکل جاتی ہے وہ اور بھی بڑے وقتوں میں میرا خیال رکھتے ہیں بھی بھی جب وقت ملتا ہے تو میں پھر ان کا خیال رکھتا ہوں ان آفیسروں کی ایک بہت خاص چالاکی یہ ہوتی ہے کہ جب یہ کسی خاص سیٹ پر آتے ہیں تو لوگ اپنے کاموں کے لیے ان کے پاس آتے ہیں کہ پھر ان آنے والوں میں سے دولت مندوں کو اپنے چال میں پھنسا کر ان کی دولت کو لوٹنا ہے عام دولت مند خود بچارے اس نشے میں دھت ہو تے ہیں کہ ہم سرکاری آفیسر سے دوستی ہوگئی ہے اس لیے ہمارے کام ہو جائیں گے اور ان کی کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ جب گردے صحیح طریقے سے چھانے نہیں بناتے تو خون میں پانی کی مقدار بڑھ جاتی ہے جس سے بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔ ندنائی ماہرین کے مطابق ایک صحت مند فرد کو پانی بلڈ پریشر کا شکار ہونے کے لیے روزانہ سوڈیم کی مقدار 1500 ملی گرام سے زیادہ نہیں لینی چاہیے۔۔۔ 2 ڈبہ بند سوپ۔۔۔ ڈبے میں بند سوپ بہت نقصانیہ ہے کیونکہ پر ہیزکرنے میں خاص طور پر وہ جو صحت مند سبزیوں کے استعمال کے طور پر مشہور ہوتے ہیں۔ ہاتھ میں درحقیقت ڈبہ بند سوپ بلڈ پریشر کو خراب کرنے کی ایک بڑی وجہ ہے۔ ڈبہ بند سوپ میں سوڈیم کا انتخاب کرتے وقت کسی بھی سوپ میں سوڈیم کی مقدار کا بغور مطالعہ کرنا چاہیے۔ بہت سے لوگ ہائی بلڈ پریشر کا شکار ہوتے ہیں۔ یہ ایسی حالت ہوتی ہے جس میں خون کی نالیوں کے اندر خون کی رفتار خطرناک حد تک بڑھ جاتی ہے۔ خون کی رفتار میں اضافہ خون کی نالیوں کی دیواروں کو کمزور کرتا ہے اور دل کو تیزی سے پمپ کرنے کا سبب بھی بنتا ہے۔ دل کی تیز رفتار پمپنگ کے نتیجے میں دل کا دباؤ کام ہو جاتا ہے جس کے نتیجے میں دل کی بیماریاں ہو سکتی ہیں۔ اخبار "نیشنل آف اٹلی" کے مطابق ہائی بلڈ پریشر کے کینسر کو بعض غذائیں کھانے اور درج ذیل کھانے کی اشیاء سے گریز کر کے کم کیا جا سکتا ہے۔۔۔ 1 شک۔۔۔ تمک ہائی بلڈ پریشر کا سبب بنتا ہے کیونکہ جب خوراک میں سوڈیم کی مقدار بڑھ جاتی ہے تو یہ انسانی جسم کے نازک آئنک توازن کو بگاڑ دیتا ہے۔ گردے تو بھی ٹھیک سے فلٹریشن کر پاتے کیونکہ خون میں سوڈیم کی مقدار زیادہ ہوتی ہے۔ جب گردے صحیح طریقے سے چھانے نہیں بناتے تو خون میں پانی کی مقدار بڑھ جاتی ہے جس سے بلڈ پریشر بڑھ جاتا ہے۔ ندنائی ماہرین کے مطابق ایک صحت مند فرد کو پانی بلڈ پریشر کا شکار نہ ہونے کے لیے روزانہ سوڈیم کی مقدار 1500 ملی گرام سے زیادہ نہیں لینی چاہیے۔۔۔ 2 ڈبہ بند سوپ۔۔۔ ڈبے میں بند سوپ بہت نقصانیہ ہے کیونکہ پر ہیزکرنے میں خاص طور پر وہ جو صحت مند سبزیوں کے استعمال کے طور پر مشہور ہوتے ہیں۔ ہاتھ میں درحقیقت ڈبہ بند سوپ بلڈ پریشر کو خراب کرنے کی ایک بڑی وجہ ہے۔ ڈبہ بند سوپ میں سوڈیم کی مقدار بھی زیادہ ہوتی ہے جو فلٹریشن کو بڑھاتا ہے۔ لہٰذا ڈبہ بند سوپ کا انتخاب کرتے وقت کسی

کشمیر کی تمام انسانیت پسندوں کو پکار

تحریر: سید وکوثر فاطمہ

تصور کریں کہ دنیا کے سب سے بڑے حراستی کیمپ میں ایک نوجوان کے ٹاٹے اُگ آئے تو غیر معاملاتی اور موت کے مسلسل خوف میں رکھا جارہا ہو۔ تصور کریں کہ جہاں مواصلات کا کوئی ذریعہ نہ ہو، انٹرنیٹ تک رسائی نہ ہو اور بنگادی طبی امداد حاصل کرنے کے قابل نہ ہو۔ کینیڈا میں رہنے والے اور ترقی کی منازل طے کرنے والے ہر فرد کے لیے یہ ایک وحشت اور ڈراؤنی فلم کا سامان ہوگا لیکن جوحال مقبوضہ جموں وکشمیر میں لاکھوں کشمیریوں کے لیے یہ روزمرہ کی حقیقت ہے۔ ہندوستان جو کہ انسانی حقوق کا خود ساختہ محافظ اور چیمپئن بنتا ہے، دنیا کے سامنے یہ ثابت کر رہا ہے کہ کیڑا بھی اور تنازعات کا پرامن ذرائع سے تصفیہ اس کے لیے بہت مشکل اور خطرناک ہے۔ قابض ریاست کو اپنے قیدیوں کا شکار کرنے کے لیے ایک جادوگر کی طرح آزاد ہونا چاہیے اگر وہ یہ محسوس کرے کہ اس کی آبادی بہت زیادہ ہے یا تجارتی لحاظ سے بہت اہم ہے تو اس پر کارروائی نہیں کی جاسکتی۔ لیکن تاریخ ہمیں بتاتی ہے کہ جنگی خوری اور شان و شوکت کے فریب نے عالمی امن کو تباہ کیا ہے۔ اگر بھارت کا کشمیریوں پر جبر اور پاکستان کے خلاف جارحیت اور پاکستان کی طرف سے مذاکرات کی مسلسل کال کے حوالے سے اس کی عدم توجہی دو جوہری ہتھیاروں سے لیس ممالک کے درمیان تصادم کا باعث بنتی ہے تو اس کے اثرات کو سمجھنے کے لیے کسی کو آئن سٹائن بننے کی ضرورت نہیں ہے۔

کشمیر کی بنگلہ خیز تاریخ کی بازگشت وادی میں گونجتی رہتی ہے۔ خودمختاری اور حق خودارادیت کے وعدوں کے باوجود کشمیریوں کے حقوق کو مسلسل سلب کیا جارہا ہے اور ان کی آوازیں سنائی نہیں دے رہی ہیں۔ بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کی خصوصی حیثیت کو ختم کرنے کے علاوہ، ہزاروں نوجوانوں کو اپنی جری گمشدگی؛ عصمت دری کا بنگ کے ایک آلہ کے طور پر استعمال؛ اور من مانی نظر بندیوں سے، بھارت نے انسانی حقوق کے لیے مقبوضہ علاقے میں رہائش اختیار کرنے اور جائیداد خریدنے کو ممکن بنا کر بھارتی مقبوضہ جموں وکشمیر کی جغرافیائی آبادی کا ڈھانچہ دوبارہ تبدیل کرنے کی مہم شروع کردی ہے۔ ہندوستانی آئین کے آرٹیکل 35(A) کو منسوخ کرنا چوتھے جنیوا کنونشن کے آرٹیکل 49 کی واضح خلاف ورزی ہے۔ بھارت کے ایک سیکولر ملک اور دنیا کی سب سے بڑی جمہوریت ہونے کے دعوے ان اقدامات سے چکنا چور ہوگئے ہیں کیونکہ 1989 سے اب تک 96 ہزار سے زائد کشمیری ہلاک کئے جاچکے ہیں اور 7000 سے زائد حراستی ہلاکتوں کی اطلاع ہے۔ ہزاروں کشمیری لاپتہ ہوچکے ہیں۔ لاکھوں نارچ چیمبرز سے گزر چکے ہیں۔ کشمیری نوجوانوں کو پیلٹ گن سے اندھا کردیا گیا۔ ہزاروں بے گناہ نوجوان لڑکوں کو اسی سے بڑی جمہوریت میں ایک جابکہ انہیں تبدیل اور دھمکیوں کا نشانہ بھی بنایا گیا ہے۔

بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں وکشمیر میں 05 اگست 2019 کو اور اس کے بعد مودی سلوست کے غیر قانونی اقدامات کے بعد کشمیر کا تنازعہ عالمی گرفتہ کا مرکز بن گیا ہے۔ غیر قانونی طور پر مقبوضہ علاقے میں مسلسل فوجی محاصرے کی وجہ سے انسانی حقوق کی سنگین صورتحال اور پاکستان کی سخت کوششوں سے اقوام متحدہ کی سلامتی کونسل کو 50 سال سے زائد عرصے کے بعد پہلی بار کشمیر پر اپنا اجلاس تین بار منعقد کرنے پر آمادہ کیا۔ بھارتی غیر قانونی مقبوضہ جموں و کشمیر کی متنازعہ حیثیت اور آبادیاتی جغرافیائی ڈھانچے کو تبدیل کرنے کے بھارتی اقدام کے بعد، خطے اور پوری دنیا میں مستقل امن کو یقینی بنانے کے لیے تنازعہ کشمیر کا حل زیادہ ناگزیر ہو گیا ہے۔ انسانی حقوق کے علمبرداروں کی طرف سے ظلم کی سست رفتار لیکن مسلسل سوداگی کو نظر انداز نہیں کرنا چاہیے۔ بے بس کشمیری دنیا سے اس خونریزی اور عدم پرواشت کی اس مذمتی کو ختم کرنے کے لیے منتے رہتے ہیں۔ پاکستان ایک پرامن ملک کی امید اور کوشش کرتا ہے۔ آیئے ہم عقلیت اور انسانیت کو تقویت دیں اور ان لوگوں کے بیانیے کو مضبوط کریں جو تنازعات کے حل کے لیے تشدد کی حمایت اور اس کا پرچار کرتے ہیں۔

SHOWBIZ شوبز

بیماری کے بعد اہل خانہ سے الگ ہوا، فردوس جمال

نہیں چاہتا تھا وہ میری وجہ سے اذیت میں ہوں، اداکار کی گفتگو

لاہور (این این آئی) سینئر اداکار فردوس جمال نے کہا ہے کہ بیماری کے بعد اہل خانہ سے الگ ہوا، نہیں چاہتا تھا وہ میری وجہ سے اذیت میں ہوں۔ ایک انٹرویو میں اداکار فردوس جمال نے بتایا جب تک میں صحت مند تھا، تب تک اپنے اہل خانہ کے ہمراہ رہا لیکن 2022 میں جب مجھے کینسر ہوا تو اہل خانہ کو خود سے دور کرنے کا فیصلہ کیا۔ نہیں چاہتا تھا کہ اہل خانہ میری تکلیف دیکھیں۔ انہوں نے کہا کہ اگر میں بیماری میں بھی نہیں اور بری کے ہمراہ رہتا تو سب میری تکلیف اور بیماری دیکھ کر ہر وقت پریشان رہتے۔

سشانت سنگھ کیس میں ریا چکرونی کو ریلیف مل گیا

بھارتی سپریم کورٹ نے سی بی آئی کے سرکٹر کو کلعدم قرار دے دیا

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کے اداکار سشانت سنگھ راجپوت کے کیس میں ان کی گرل فرینڈ ریا چکرونی کو بھارتی سپریم کورٹ کی جانب سے بڑا ریلیف مل گیا۔ سشانت سنگھ کی خودکشی کے بعد اداکار کے اہل خانہ نے ریا کے اہل خانہ کے خلاف ایک سرکٹر جاری کیا قانون کے باعث وہ بیرون ملک سفر کرنے سے قاصر تھے، تاہم اب بھارت کی سپریم کورٹ نے سی بی آئی کے اس کے آؤٹ سرکٹر کو کالعدم قرار دے دیا ہے۔ رپورٹ کے مطابق بھارتی سپریم کورٹ نے سینئر ایڈوکیٹ بیورو آف انویسٹی گیشن، بیورو آف امیگریشن اور مہاراشٹر حکومت کی پکھروتی اور ان کی فیملی کے خلاف مقدمہ درج کروایا تھا۔ کیس میں سی بی آئی نے اداکارہ اور ان کے اہل خانہ کے خلاف ایک سرکٹر جاری کیا قانون کے باعث وہ بیرون ملک سفر کرنے سے



مادھوری ڈکشٹ کے ساتھ ڈانس کرنے کا میرا خواب پورا ہوگیا

مادھوری کے ساتھ رقص کرتے ہوئے دیا بالن اسٹیج پر گر پڑیں، ودیا بالن

ممبئی (این این آئی) بالی ووڈ کی معروف اداکارہ مادھوری ڈکشٹ کے ساتھ کلاسیکل ڈانس کرتے ہوئے ودیا بالن اسٹیج پر گر پڑیں۔ بالی ووڈ اسٹار ودیا بالن فلم "بھول بھلیاں تھری" کے گانے پر پروگرام کرتے ہوئے اسٹیج پر لڑکھڑاتے ہوئے گر ہوگئیں۔ ودیا نے گرنے کے باوجود خود کو انتہائی مہارت سے سنبھالے تھے ونہیں کا سلسلہ جاری رکھا۔ ودیا کے ڈانس کے دوران گرنے کا منظر ایک پاپارازی نے اپنے اکنٹ اکاؤنٹ پر ویڈیو کی صورت میں پوسٹ کیا ہے۔

حرامانی کوشو میں میزبان نے نیند کی کیفیت میں لاکر قابو میں کرلیا

اس کیفیت سے باہر آنے کے بعد حرامانی بے حد خوفزدہ اور سہمی ہوئی نظر آئیں

لاہور (انٹرنیوز) اداکار وحرامانی کوشو میں میزبان نے نیند کی کیفیت میں لاکر قابو میں کرلیا، ویڈیو سوشل میڈیا پر وائرل ہوگئی۔ ایک ٹی وی شو کے دوران میزبان نے پاکستان کی مقبول ترین اور باصلاحیت اداکار وحرامانی پر ایک کوئز کی مدد سے نیند کی کیفیت (ہپناٹائز) طاری کردی اور ان پر پورا کنٹرول حاصل کرلیا ہے، جس پر حرامانو بھی حیران رہ گئیں اور نہ چاہتے ہوئے بھی بھیسا میزبان کرپاکے ساتھ آتے ہوئے اداکارہ کو وہی دعوی کرکی دکھائی دیں۔ سوشل میڈیا پر وائرل ہونے والی ویڈیو میں حرامانی آنکھوں پر کالی پٹی بندھے دیکھی جارہی ہے۔

ارجن اب ملائیکہ کے ساتھ نہیں، جلیلحدی ہوچکی، ویڈیو وائرل

ممبئی (انٹرنیوز) بالی ڈوڈ اداکار ارجن کپور نے ملائیکہ سے تعلقات ختم ہونے کی تصدیق کرتے ہوئے کہا ہے کہ ارجن اب ملائیکہ کے ساتھ نہیں اور جلیلحدی ہوچکی ہے۔ سوشل میڈیا پر ایک ویڈیو زیر گردش ہے جس میں دیکھا جاسکتا ہے کہ ڈوڈ اداکار ارجن کپور نے ایک تقریب کے دوران ہاتھ میں مائیک پکڑا اور وہ کچھ کہنے لگے تو وہاں موجود شرکاء نے ملائیکہ ملائیکہ کے نعرے لگانے شروع کردیں۔ ارجن نے آوازیں سنتے ہی کہا اچھی سنگل ہوں میں، ساتھ ہی اداکار مسکرا دیے، ارجن اب ملائیکہ کے ساتھ نہیں اور دونوں میں جلیلحدی ہوچکی ہے۔ یہ پہلا موقع ہے جب اداکار ارجن کپور نے باضابطہ طور پر اپنے اور ملائیکہ کے رومانوی تعلق پر گفتگو کی ہو۔

سینئر کی تعریف جونیئر کی زندگی کا اثاثہ ہے، سجاد علی

میں غزل، صوفی اور قوالی آرٹسٹ نہیں ہوں، میں ملا جلا پاپ آرٹسٹ کہلا پانا پسند کرتا ہوں

لوڈتو (انٹرنیوز) گلوکار سجاد علی نے کہا ہے کہ بہت سال پہلے میں ایک پروگرام میں گا رہا تھا، میڈم نور جہاں خوش ہوئیں، میں بچہ تھا اور میڈم کی وہ کسرباحت میری زندگی کا حصہ ہے، سینئر اپنے جونیئر کی تعریف کرے تو وہ زندگی کا اثاثہ بن جاتی ہے۔ لوڈتو میں گفتگو کے دوران انہوں نے کہا کہ پاپ گلوکاروں پر الزام ہے کہ ان کی آوازیں کچھ کم ہوگئی ہیں، یہ لیکنا لوجی کا سہارا لیتے ہیں، اسی لیے میں اپنے خود میں ان پلگ بھی کا تا ہوں۔ سجاد علی نے کہا کہ میں غزل، صوفی اور قوالی آرٹسٹ نہیں ہوں، میں ملا جلا پاپ آرٹسٹ کہلا پانا پسند کرتا ہوں۔

لڑکیاں 30 سال کی عمر سے پہلے شادی کریں، اسما عباس

تو لو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ اسما عباس کی ویڈیو وائرل

کراچی (این این آئی) شوبز انڈسٹری کی سینئر اداکارہ اسما عباس نے لڑکیوں کو مشورہ دیا ہے کہ 30 سال کی عمر سے پہلے شادی کریں۔ تو لو اور ویڈیو شیئرنگ ایپ انسٹاگرام پر اداکارہ اسما عباس کی ویڈیو وائرل ہو رہی ہے جس میں وہ لڑکیوں کو مشورہ دے رہی ہیں کہ 25 سے 26 سال کی عمر میں یا 30 سال سے پہلے شادی کرلیں۔ انہوں نے کہا کہ 30 سال کی عمر سے پہلے لڑکیوں کی پرعقل کی عقل کھل ہو جاتی ہے۔ اسما عباس نے کہا کہ 30 سال کی عمر میں میچور ہو جاتی ہیں وہ اپنی بات کو بہتر سمجھتی ہیں۔ اداکارہ نے کہا کہ میں 18 سے 19 سال کی عمر میں لڑکیوں کی شادی سے متعلق بات کررہی ہوں کہ شوہروں کو انہیں آگے تعلیم جاری رکھنے کی اجازت دینی چاہیے۔ اداکارہ نے بتایا کہ میری چھوٹی بہو پہلے سے جاب کرتی ہے۔

SPORTS سپورٹس

لاہور: پولو سیزن کے آغاز کے لئے منعقدہ تقریب میں کھڑے ہوا ہر جوڑا پولو کی تاریخ کا مطالعہ کررہے ہیں۔ (فوٹو: این این آئی)

میرے لیے ہر وہ اننگ اہم ہے جس میں پاکستان میچ جیت جائے، سعود شکیل

کراچی (اے ایف پی) قومی ٹیسٹ کرکٹر کم سے کم ہر اننگ اہم ہے جس میں پاکستان میچ جیت جائے، میں جس سے بیٹ بازی اور پاکستان میچ جیت جائے تو مجھے خوشی ہوتی ہے۔ سعود شکیل نے کہا کہ ٹیسٹ کرکٹر کا کام ہے کہ اننگز کھیلنا ہے، میں ٹیسٹ کرکٹر ہوں اور میرے لیے ہر وہ اننگ اہم ہوتی ہے جس میں پاکستان میچ جیت جائے، میں جس سے بیٹ بازی اور پاکستان میچ جیت جائے تو مجھے خوشی ہوتی ہے۔

دنیائے فٹ بال کا سب سے بڑا ایوارڈ بیلن ڈی اور اسپین کے کھلاڑی کے نام

الفریڈو ڈی اسٹیفانو اور بیلن ڈی اور 1960 میں لوئس سارنے نے ایوارڈ اپنے نام کیا تھا، اسپین نے 2010 میں ورلڈ کپ کا فائنل اپنے نام کیا تھا جب کہ اسکاٹلینڈ کے 200 اور 2012 میں یورو کپ کی فاتح تھی۔ اس عرصے کے دوران کم کی فائنلسٹ کرنے والے کھلاڑیوں کو "گولڈن جنریشن" کہا جاتا تھا۔ لیکن اس وقت بھی اسپین کا کوئی کھلاڑی بیلن ڈی اور ایوارڈ حاصل نہیں کر سکا تھا۔ یہ وہ عرصہ تھا جب بیلن ڈی اور "کی وڈ" میں پرتگال کے کرسٹیانو رونالڈو اور ارجنٹائن کے لیونل میسی شامل تھے۔

کین ویلسن بھارت کیخلاف آخری ٹیسٹ میچ بھی نہیں کھیلیں گے، نیوزی لینڈ کرکٹ

پیٹلفٹن (اے ایف پی) نیوزی لینڈ کرکٹ کم کے بیٹر کین ویلسن بھارت کے خلاف آخری ٹیسٹ میچ بھی نہیں کھیلیں گے۔ نیوزی لینڈ کرکٹ کے مطابق کین ویلسن ٹیسٹ سیریز کے لیے بھارت نہیں جائیں گے، وہ انگلینڈ کے خلاف ٹیسٹ سیریز کے تیسرے ٹیسٹ پر کام کریں گے۔ ان دنوں کین ویلسن کرونی انجری کی وجہ سے ٹیسٹ کرکٹ سے دور ہیں۔ ہیڈ کوچ کیری اسٹیڈ نے کہا ہے کہ کین ویلسن پیچھے رہیں گے لیکن اختیاری طور پر یہ فیصلہ کیا گیا ہے۔ نیوزی لینڈ اور بھارت کے درمیان آخری ٹیسٹ میچ جمعہ سے ممبئی میں شروع ہو رہا ہے۔ نیوزی لینڈ اور انگلینڈ کے مابین پوائنٹ 28 نومبر سے شروع ہوگا۔

کراچی: مہمان پاکستان کی ٹیم کے کپتان کی ٹیم کی کپتان کی ٹیم کی ٹیم کی ٹیم

30 اکتوبر 2024ء آئیسکو ریجن میں عارضی بجلی بندش کا شیڈول جاری

اسلام آباد (نمائندہ عوامی للکار) موردخہ 30 اکتوبر 2024ء بوقت 08:00 تا 12:00 بجے، راولپنڈی سٹی سرکل، ایم ای ایس، محمدی چوک، ٹیلیان سرسید، فیڈر، راولپنڈی کینٹ سرکل، پی ایف بیرکس، پی ایف ایم ہیڈز کی صحیب سسٹم سبسٹیشن ۱ ڈیوٹیشن ورکس اور ایپ گریڈیشن کے باعث، 08:00 بجے تا 01:00 بجے، اسلام آباد سرکل، تحریک سوہاوہ، ایم ایم، شیلیان اقبال فیڈر، راولپنڈی سٹی سرکل، سٹیل سٹیورٹی، راجہ اکبرداد ٹھوک خسرو، ورد حافی، قائد آباد، سٹیم آباد، آباد گلزار ٹھیرہ، احسن آباد، اٹک سرٹیل، باغ سرداراں، ٹھیکہ آباد، فتح جنگ، راولپنڈی کینٹ سرکل، محبوب شہید، پارک روڈ، پوری بورڈ، نیلی پارک کار چوک، فیڈر، پھوال سرکل، راولہ، لانگر، ٹاپ گلزار، ٹاپ اس او سرکل، کھیال، شاہ پور، اڈیالہ، خصالہ، بفاوت، 1 ڈاٹھ ٹرانسفارمر، 5 تا 2 درکشاپ، 1 فیڈر نیل، ٹھیکن، ڈینس روڈ، سٹمگرہ، 14 فیڈر اور گرد وارہ بند پر ہیں کے باعث تعمیل اپنے معزز صارفین سے معذرت کی بنا پر معذرت خواہ ہے۔ وقت سے قبل کام مکمل ہونے کی صورت میں بجلی کی بحالی مقررہ شیڈول سے پہلے بھی بحال کی جا سکتی ہے۔

1 بقیہ

پنجاب کے اقدامات کو سراہا، وزیر اعلیٰ مریم اورنگزیب نے حکومت پنجاب کی طرف سے سرمایہ کاری سرپرستی کیلئے کئے گئے مختلف کام کرنے کا اعلان کیا۔ ذرائع اعلیٰ مریم اورنگزیب نے کہا کہ سرمایہ کاری کے لئے سازگار ماحول، سرمایہ کاری کے لئے خوف خطر سرمایہ کاری کے لئے امن، اورنگزیب کی بہترین ٹیم سہولیات فراہم کرنے کی ذمہ داری ہے۔ کیسٹ سیوئن کے گرجا ہے نے مستفید ہونا چاہئے ہر وقت سرمایہ کاری کے لئے تیار ہے۔ خصوصی توجہ ہے۔ کاشت کار کی معاونت کر رہے ہیں۔ سیوئن سفیر نے کہا کہ پنجاب میں سرمایہ کاروں کے لئے حالیہ اقدامات قابل تعریف ہیں۔ سیوئن کے سرمایہ کار پنجاب میں سرمایہ کاری کے لئے پالیسی کے منتظر ہیں۔ پنجاب کے اسٹرائی ڈسٹل جرنل سید مودی الدین اور بگر بھی موجود تھے۔

2 بقیہ

میں سپریم کورٹ بار ایسوسی ایشن کے ایگزیکٹو کے موضع پر سوپلیا سے گفتگو کرتے ہوئے رانا مشہود احمد خان نے کہا کہ ہر شخص نے اپنے ووٹ پر حق آتا ہے۔ معاشرے میں نے سے ایمان سے بڑھ کر ہے اپنا ووٹ ہے، پاکستان کے اندر تقریبن ہمارے ووٹ کی کوشش کی جاتی ہے۔ آج پاکستان اپنے پیروں پر کھڑا ہے، وزیراعظم شہباز شریف کا اقدام قابل تعریف ہے۔ وزیراعظم شہباز شریف کا اقدام قابل تعریف ہے۔ ملک حالات بہتری کی جانب گامزن ہیں، آج ضمنی الیکشن ہو رہے ہیں، ہم نے اپنے سیاسی پروگرام کا اعلان کیا ہے۔ رانا مشہود احمد نے کہا کہ کیشیاء کے ساتھ تعاون میں ہے، ہم نے اپنے ہمسایہ ممالک کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ چیئرمین کے ساتھ تعاون کیا ہے۔ سپریم کورٹ نے کہا کہ ہم نے کوئی کام نہیں کیا، ہم نے کیا کہ سپریم کورٹ کے ججز کو اختیار کیا ہے۔ ہم نے کیا کہ سیاسی لیڈروں کو بھی نے کیا ہے۔ ہم نے کیا کہ ہمارے لیڈروں کو بھی نے کیا ہے۔ ہم نے کیا کہ ہمارے لیڈروں کو بھی نے کیا ہے۔ ہم نے کیا کہ کیشیاء کے ساتھ تعاون میں ہے۔ ہم نے کیا کہ ہمارے لیڈروں کو بھی نے کیا

گوجر خان ٹریفک پولیس سی ایم پنجاب مریم نواز کے ویژن پر عمل پیرا

میں اور میر اسٹاف فیلڈ میں نکل کر شہریوں کو ہیلمٹ اور لائسنس کی افادیت کے متعلق آگاہی فراہم کر رہے ہیں: انسپکٹر ملک غفار

بغیر کسی سفارش کے موٹر سائیکل کے لائسنس اور رکشہ ڈرائیورز کو فٹنس دی جارہی ہے: ٹاٹ مافیا کا آفس میں داخلہ بند ہے: انسپکٹر جاوید

گوجر خان (قمر شہزاد) کی اہم پنجاب مریم نواز اکنامک زون اور کی پنجاب ایکسٹرمنٹان اور کے ویژن پر گوجر خان ٹریفک وارڈن پولیس ذی ہدایات پر گوجر خان ٹریفک وارڈن پولیس ذی